کرنٹ لگنے سے چچا- بھتیجے کی موت

لکھیم پور کھیری (ایس این بی)

تھانہ پھول بیہڑ کے سندرول قصبہ میں شراب کی بھٹی کے قریب کینٹین میں اترے کرنٹ کی زد میں آنے سے چچا- بھتیجے کی موقع پر ہی موت ہوگئی- صبح جب گاؤں کے لوگ ادھر سے نکلے تو دونوں کی لاشیں دکان میں فرش پر پڑی دیکھیں- اس کی اطلاع پولیس کو دی گئی- پولیس کے پہنچنے تک دکان میں کرنٹ دوڑ رہا تھا- پولیس نے بجلی اہلکاروں کو بلا کر سپلائی منقطع کرائی - تب لاشوں کو باہر نکلوا کر پوسٹ مارٹم کیلئے بھیجا گیا-

موصولہ تفصیلات کے مطابق تھانہ نیم گاؤں کے قصبہ ہجم میں رہنے والا دیپک (30) اپنے چچازاد بھائی ول اور ہم زلف روہت کے ہمراہ سندرول چوراہے پر شراب کی بھٹی کے قریب دکان میں کھانے پینے کی کینٹین کرتے تھے- ہفتہ کو ول گھر چلا گیا تھا- اس نے دیپک کی مدد کیلئے بھتیجے دھیرج کو کینٹین بھیج دیا- روزانہ دیر رات تک کینٹین کھلی رہتی تھی- آج پیر کی صبح 5 بجے گاؤں کے لوگ ادھر سے نکلے تو دکان کا نصف شٹر کھلا ہوا تھا- دیپک (30) ولد گنگا رام اور بھتیجے دھیرج (19) ولد رمیش چندر کی لاش فریزر سے چپکی ہوئی تھی- یہ دیکھ کر پولیس کو اطلاع دی گئی- موقع پر پہنچی پولیس نے دیکھا تو شٹر اور فریزر میں کرنٹ دوڑ رہا تھا- پولیس نے محکمہ توانائی کو فون کر کے اہلکاروں کو بلایا اور سپلائی منقطع کرائی تب جاکر دونوں کی لاشیں باہر نکالی جاسکیں- دونوں کی لاشوں کو پوسٹ مارٹم کیلئے بھیج دیا گیا ہے- تھانہ پھول بیہڑ کے انچارج آلوک دھیمان نے بتایا کہ کینٹین چلانے والے چچا- بھتیجے کی کرنٹ کی زد میں آنے سے موقع پر ہی موت ہوگئی- شٹر اور فریزر میں کرنٹ اترا ہوا تھا- لاشوں کو پوسٹ مارٹم کیلئے بھیج دیا گیا ہے- اس خبر سے قصبہ ہجم میں مہلوکین کے گھروں میں ماتم برپا ہے-

پرامن پولنگ کیلئے مسلسل گشت پر رہے ڈی ایم و ایس پی

کمشنر، ڈی آئی جی اور مشاہدوں نے بھی کیا علاقہ کا دورہ

بہرائچ (ایس این بی)

لوک سبھا عام انتخابات 2024 کے تحت 57- قیصر گنج پارلیمانی انتخابی حلقہ میں ضلع کے اسمبلی انتخابی حلقوں 287- پیاگ پور اور 288- قیصر گنج کی پولنگ کو آزادانہ، غیر جانبدارانہ اور پرامن طور پر منعقد کرائے جانے کے مقصد سے ضلع مجسٹریٹ مونیکا رانی اور پولیس سپرنٹنڈنٹ ورندا شکلا سمیت ضلع کے دیگر ایڈمنسٹریٹیو و پولیس افسران، پولنگ کیلئے مقرر کیے گئے زونل و سیکٹر مجسٹریٹ اور مساوی پولیس افسران مسلسل دورہ کرکے پولنگ کے عمل کا جائزہ لیتے رہے اور موقع پر موجود افسران کو ضروری ہدایات دیتے رہے۔

اس کے علاوہ کمشنر دیوی پاٹن منطقہ گونڈہ یوگیشور رام مشرا، ڈی آئی جی امریندر پرساد سنگھ اور قومی الیکشن کمیشن کی جانب سے لوک سبھا انتخابی حلقہ قیصر گنج کیلئے مقرر مشاہد ندھی نویدیتا، پولیس مشاہد ارنب رائے اور خرچ مشاہد گورانگا چندرا داس بھی علاقہ کا دورہ کرکے پولنگ کے عمل کا جائزہ لیتے رہے۔

ضلع مجسٹریٹ اور پولیس سپرنٹنڈنٹ نے گھا گھرا ندی کے کچھار میں واقع پولنگ مرکز تپ سپاہ، بمبھورا، ہائی اسکول جرول، جے جوان جے کسان انٹر کالج، گنڈارا، گوڑ ہیا نمبر-2 کے منگل میلہ وغیرہ پولنگ مراکز کا معائنہ کرکے لوگوں سے اپیل کی کہ ووٹ دینے کے بعد وہ اپنے گھر جائیں اور غیر ضروری طور پر پولنگ مرکز کے آس پاس بھیڑ نہ لگائیں۔ گشت کے دوران پولنگ ایجنٹوں کو بھی ہدایت دی گئی کہ وہ پولنگ مرکز کے اندر بیٹھ کر نگاہ رکھیں، غیر ضروری طور پر ادھر ادھر نہ گھومیں۔ پولنگ مراکز پر موجود سیکورٹی فورسز کو ہدایت دی گئی کہ پولنگ مرکز کے اندر کسی کو موبائل نہ لے جانے کے احکام پر سختی سے عمل کرایا جائے اور پولنگ مرکز کے آس پاس غیر ضروری بھیڑ جمع نہ ہونے دیں۔ پولنگ مراکز کے معائنہ کے دوران جہاں ضلع مجسٹریٹ پولنگ مرکز کے اندر جاکر پولنگ فیصد، پولنگ ملازمین و دیگر انتظامات کا جائزہ لے رہی تھیں وہیں پولیس سپرنٹنڈنٹ پولنگ مرکز کے باہر سیکورٹی بندوبست کیلئے تعینات سیکورٹی ملازمین کو پرامن پولنگ کرانے کیلئے ضروری ہدایات دے رہی تھیں۔ معائنہ کے دوران سبھی زونل مجسٹریٹوں کو ہدایت دی گئی کہ خود بھی گشت پر رہیں اور یہ یقینی بنائیں کہ سیکٹر مجسٹریٹ و سیکٹر پولیس افسران بھی بہتر تال میل کے ساتھ گشت کرتے ہوئے پولنگ کو بحفاظت منعقد کرائیں۔

थमिक विद्यालय उधरना ठकुराइन
श्याम-पटट

بہرائچ: قیصر گنج لوک سبھا حلقہ کے پیاگ پور سے ممبر اسمبلی سبھاش ترپاٹھی نے اپنے بیٹے ونمائندہ نشنک ترپاٹھی کے ساتھ پولنگ مرکز ادھرنا ٹھکرائن پہنچ کر اپنا ووٹ ڈالا۔

سڑک کے کنارے نظر آیا جنگلی ہاتھیوں کا غول

ڈرائیوروں نے روک لیں اپنی گاڑیاں، موبائل سے کھینچیں تصاویر



لکھیم پور کھیری (ایس این بی) پلیا- گوری پھنٹا شاہراہ پر نکل رہی گاڑیوں میں آج پیر کو اس وقت بریک لگ گیا جب سڑک کے کنارے جنگلی ہاتھیوں کا غول دکھائی دیا- ہاتھیوں کے غول کو دیکھ کر گاڑیوں کے ڈرائیوروں نے اپنی گاڑیاں روک لیں اور ہاتھیوں کے غول کو اپنے موبائل کیمرے میں قید کرلیا-

غور طلب ہے کہ پلیا- گوری پھنٹا شاہراہ پر دودھوا سے آگے ہند- نیپال بارڈر کو جوڑنے والی شاہراہ دونوں طرف جنگل سے گھری ہوئی ہے- اس شاہراہ پر اکثر گزرنے والوں کو دودھوا جنگل میں رہنے والے جنگلی جانوروں کے دیدار ہوجاتے ہیں- اس شاہراہ پر ہرنوں کے غول اور ٹائیگر و بھالو وغیرہ بھی دیکھے جاچکے ہیں- جنگلی ہاتھیوں کا غول اکثر شاہراہ کو پار کرتے ہوئے دکھائی دیتا ہے- آج پیر کو دودھوا سے گوری پھنٹا کے درمیان جب گاڑیاں گزر رہی تھیں تو اچانک گاڑی سواروں کو سڑک کے کنارے جنگلی ہاتھیوں کا غول دکھائی دیا- ڈرائیوروں نے دور سے ہی اپنی گاڑیوں کو روک لیا اور جنگلی ہاتھیوں کے غول کو اپنے موبائل کیمروں میں قید کرلیا- ہاتھیوں کے وہاں سے گزر جانے کے بعد ہی گاڑیاں آگے بڑھائی گئیں- آپ کو بتادیں کہ یہی ہاتھیوں کے غول اکثر آبادی والے علاقوں میں پہنچ کر کھیتوں میں فصلوں کو روند کر تہس نہس کردیتے ہیں-

ای ٹی پی بی ایس ووٹوں کی گنتی کی تربیت دی گئی

شاہجہانپور (ایس این بی) لوک سبھا عام انتخابات- 2024 اور ددرول اسمبلی حلقہ کے ضمنی الیکشن کے الیکٹرانک طور پر ٹرانسمیٹڈ پوسٹل بیلٹ سسٹم (ای ٹی پی بی ایس) ووٹوں کی گنتی کے سلسلے میں کلکٹریٹ روم میں ضلع الیکشن افسر امیش پرتاپ سنگھ کی صدارت میں ڈیمو کے ذریعہ تربیت دی گئی۔ ای ٹی پی بی ایس کا کام 4 جون کو صبح 8 بجے شروع کیا جائے گا۔ تربیت میں بتایا گیا کہ سب سے پہلے ای ٹی پی بی ایس کے کیو آر کوڈ کو اسکین کرکے ویلڈ اور انویلڈ ووٹوں کا انتخاب کیا جائے گا۔ اس کے بعد ویلڈ ووٹوں کا کیلکولیشن ٹیبل تیار کیا جائے گا۔ ای ٹی پی بی ایس کیو آر کوڈ کو اسکین کرنے کا ٹیبل اور ویلڈ ووٹوں کی گنتی کی ٹیبل الگ الگ ہوگی۔ اس موقع پر ڈپٹی ضلع الیکشن افسر سنجے کمار پانڈے سمیت متعلقہ افسران موجود تھے۔

ٹرین سے کٹ کر ضعیفہ کی موت

بہرائچ (ایس این بی) بہرائچ- گونڈہ ریلوے سیکشن کے پیاگ پور تھانے کے موضع املیا کے پاس اتوار کی شب تقریباً 8 بجے اسی گاؤں کی 75 سالہ جسودا اہلیہ کھلاون ٹریک پار کررہی تھی، اچانک بہرائچ سے چل کر گونڈہ جارہی میمو ٹرین کی زد میں آکر ان کی کٹ کر موت ہوگئی۔ ڈرائیور نے ٹرین روک کر اسٹیشن ماسٹر کو اطلاع دی۔ اسٹیشن ماسٹر کی اطلاع پر تھانہ انچارج کمل شنکر چترویدی موقع پر پہنچے اور ٹرین روانہ کی گئی۔ لاش کی شناخت ہونے پر لاش کو قبضے میں لے کر پولیس نے آج پیر کی دوپہر پوسٹ مارٹم کرا کے گھر والوں کو سونپ دیا ہے۔

اب انڈیا اتحاد کی حکومت بننا طے

سینئر کانگریس لیڈر پرمود تیواری کی پریس کانفرنس

پریاگ راج (ایس این بی)

سینئر کانگریس لیڈر و راجیہ سبھا میں ڈپٹی لیڈر پرمود تیواری نے کہا کہ ابھی تک 4 مرحلوں کے پہلے انڈیا اتحاد کے امیدواروں کے انتخابی جلسوں میں عوام کی جو سنامی آئی ہے اس سے یہ واضح ہوگیا ہے کہ اب کی بار مرکز میں انڈیا اتحاد کی حکومت بننے طے ہے۔ مسٹر تیواری سول لائنس واقع ایک ہوٹل میں صحافیوں سے گفتگو کررہے تھے۔

اتوار کو اتحاد کے امیدواروں کی حمایت میں پنڈلا مہادیو میں منعقد کیے گئے جلسے سے کانگریس کے سابق صدر راہل گاندھی اور سپا سربراہ اکھلیش یادو کے بغیر خطاب کے واپس جانے کے سوال پر انھوں نے کہا کہ عوامی جلسے میں جو غیر متوقع عوامی ہجوم امڈا وہ عوام کا پیار اور آشیرواد ہے۔ انھوں نے دعویٰ کیا کہ پورے ملک میں سابق صدر راہل گاندھی کی عوام میں زبردست دلچسپی و مقبولیت ہے۔ ابھی تک کی 4 مرحلوں میں ہوئی پولنگ میں انڈیا اتحاد کا ویو دکھائی پڑا ہے۔ امیٹھی ورائے بریلی کا یہی حال ہے۔

کانگریس لیڈر نے کہا کہ بھاجپا حکومت ای ڈی، سی بی آئی اور آئی ٹی کا خوف دکھا کر ہفتہ وصولی و ڈونیشن وصولی کرتی ہے جس کا انکشاف سپریم کورٹ نے الیکٹورل بانڈ میں کردیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ مرکزی حکومت ہر محاذ پر ناکام ثابت ہوئی ہے چاہے وہ ملک کی سرحدوں کی سیکورٹی رہی ہو، بے روزگاری، کسانوں کو ایم ایس پی اور مہنگائی رہی ہو۔ مسٹر تیواری نے کہا کہ اچھے دن کے خواب دکھانے والی مودی حکومت نے پیٹرولیم، غذائی اجناس، تیل و پکوان گیس کی قیمت بڑھا کر عوام کو برے دن میں پہنچا دیا ہے۔ انھوں نے بابا صاحب کا آئین و جمہوریت بچانے اور اپنے ووٹ کے تحفظ کے حق کو قائم رکھنے کیلئے اتحاد کے دونوں امیدواروں کو فاتح بنانے کی عوام سے اپیل کی۔

اگنو میں انڈر گریجویٹ، پوسٹ گریجویٹ، ڈپلومہ، پی جی ڈپلومہ کیلئے درخواستیں مطلوب

شاہجہانپور (ایس این بی)

اندرا گاندھی نیشنل اوپن یونیورسٹی (اگنو) میں انڈر گریجویٹ، پوسٹ گریجویٹ، ڈپلومہ، پی جی ڈپلومہ وغیرہ جیسے جولائی 2024 سیشن کیلئے درخواستیں مطلوب ہیں۔ داخلہ فارم بھرنے کی آخری تاریخ 30 جون ہے۔

یہ اطلاع دیتے ہوئے اگنو اسٹڈی سنٹر ایس ایس کالج شاہجہانپور کے کوآرڈینیٹر ڈاکٹر پربھات شکلا نے بتایا کہ اگنو میں داخلے کا عمل مکمل طور پر آن لائن ہے۔ امیدوار یونیورسٹی کی ویب سائٹ ignou.ac.in سے گھر بیٹھے داخلہ لے سکتا ہے۔ مندرجہ بالا کے علاوہ اگنو میں دستیاب تمام پروگراموں کے بارے میں مکمل معلومات کیلئے اگنو کی ویب سائٹ سے جولائی 2024 کا کامن پراسپیکٹس ڈاؤن لوڈ کرسکتے ہیں۔ ڈاکٹر پربھات شکلا نے بتایا کہ اگنو کے بہت سے روزگار پر مبنی پروگرام اگنو کے علاقائی مرکز لکھنؤ کے تحت اسٹڈی سنٹر میں منعقد کیے جاتے ہیں جن میں سے بی اے، بی کام، بی اے آنر، ہندی، انگریزی، پبلک ایڈمنسٹریشن، دیہی ترقی اور اقتصادیات میں پوسٹ گریجویٹ، ایم کام کے ساتھ مختلف سرٹیفکیٹ اور ڈپلومہ پروگرام چلائے جاتے ہیں۔ اگنو جدید مواصلاتی ذرائع کے ذریعہ اپنے تمام طلباء کو تعلیمی و انتظامی مدد فراہم کررہا ہے۔ اس وقت طلباء کی تمام معاونت کی خدمات کی دستیابی آن لائن کردی گئی ہے تاکہ طلباء گھر بیٹھے ٹی وی دیکھ سکیں لیکن گیان درشن چینل یا ریڈیو پر گیانوانی اسٹیشن کے ذریعہ مشاورتی سیشن میں حصہ لے سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ اگنو ہیڈ کوارٹر اور علاقائی مرکز لکھنؤ کی جانب سے گوگل میٹ، فیس بک ودیگر آن لائن ذرائع سے بھی کلاسز کا انعقاد کیا جارہا ہے تاکہ طلباء گھر بیٹھے اپنی تعلیم مکمل کرسکیں۔

بھاجپا لیڈر کی نیوز چینل رپورٹر کو گالی اور جان سے مارنے کی دھمکی

صحافیوں کی ایس پی سے شکایت، بھاجپا شہر صدر سمیت 3 افراد کے خلاف مقدمہ قائم

لکھیم پور کھیری (ایس این بی) بھاجپا لیڈر اور اس کے ساتھیوں سے کچھ لوگوں کی ہوئی مار پیٹ کی خبر چلانے سے ناراض بھاجپا لیڈر اور اس کے ساتھیوں نے ایک نیشنل نیوز چینل کے ضلع رپورٹر کو فون پر گالیاں دیتے ہوئے جان سے مارنے کی دھمکی دی ہے- معاملہ سرخیوں میں آنے کے بعد ضلع کے صحافیوں میں سخت اشتعال پیدا ہوگیا- اس سلسلے میں آج پیر کو درجنوں صحافیوں نے ایس پی گنیش پرساد ساہا سے ملاقات کی اور قصورواروں کے خلاف سخت قانونی کارروائی کرنے کا مطالبہ کیا- پولیس نے سرعت سے ایکشن لیتے ہوئے قصبہ پلیا کے بھاجپا شہر صدر ادے ویر سنگھ سمیت 3 افراد کے خلاف مقدمہ قائم کرلیا ہے-

ایک نیشنل نیوز چینل کے ضلع رپورٹر منوج شرما ولد اشوک کمار شرما ساکن قصبہ میلانی نے بتایا کہ انھیں 19 مئی کی رات تقریباً 8:45 بجے اطلاع ملی تھی کہ بھارتیہ جنتا پارٹی کے شہر صدر ادے ویر سنگھ ولد وجے سنگھ کا کسی سے لڑائی جھگڑا ہوگیا ہے- منوج شرما کا کہنا ہے کہ چونکہ وہ پلیا میں ہی موجود تھے اس لیے خبر کی تصدیق ہونے پر انھوں نے خبر چلادی- اس کے بعد ان کے موبائل نمبر پر اتم راجپوت ساکن موضع بسنتا پور کوتوالی پلیا اور نیلیش گپتا ساکن محلّہ بازار پلیا نے رات تقریباً 10:45 بجے فون کیا اور انھیں ماں بہن کی گالیاں دینے لگے- منوج نے بتایا کہ جب انھوں نے شہر صدر ادے ویر سنگھ سے بات کی تو انھوں نے بھی انھیں اعلانیہ جان سے مار دینے کی دھمکی دیتے ہوئے کہا کہ میں (منوج شرما) اپنے گھر آگیا تو میلانی آکر اہل خانہ سمیت غائب کروادوں گا- میرا کچھ نہیں کر پاؤ گے- اس طرح دھمکی ملنے کے بعد وہ بہت خوفزدہ ہیں- منوج شرما نے پولیس کو دی گئی تحریر میں کہا ہے کہ پلیا کے بھاجپا شہر صدر ادے ویر سنگھ اور ان کے ساتھی کسی وقت بھی ان کے ساتھ کوئی ناخوشگوار واقعہ انجام دے سکتے ہیں- ادھر یہ معاملہ سرخیوں میں آنے کے بعد پورے ضلع کے صحافیوں میں سخت اشتعال پیدا ہوگیا- جگہ جگہ بھاجپا لیڈر اور اس کے ساتھیوں کے خلاف احتجاج شروع ہوگیا- کئی مقامات پر صحافیوں کے ذریعہ ضلع انتظامیہ کو میمورنڈم دیے گئے- اس سلسلے میں آج پیر کو سینئر جرنلسٹ نند کمار مشرا کی قیادت میں درجنوں صحافیوں نے ایس پی گنیش پرساد سے ملاقات کی اور قصورواروں کے خلاف سخت قانونی کارروائی کا مطالبہ کیا- پولیس نے سرعت سے کارروائی کرتے ہوئے ادے ویر سنگھ، اتم راجپوت اور نیلیش گپتا کے خلاف دفعہ 504، 506، 507 کے تحت مقدمہ قائم کرلیا ہے- پولیس ملزمان کو تلاش کررہی ہے-

ٹرین کے آگے کود کر تاجر نے دی جان

بہرائچ (ایس این بی) دیہات کوتوالی حلقہ میں واقع ریلوے کراسنگ کے پاس آج پیر کی دوپہر کو ایک تاجر چلتی ٹرین کے آگے کود گیا جس سے اس کی موقع پر ہی موت ہوگئی۔ حادثے کی اطلاع پر ریلوے و دیہات کوتوالی پولیس موقع پر پہنچی۔ تاجر کے گھر والے بھی روتے بلکتے ہوئے موقع پر پہنچے۔ پولیس نے لاش کو قبضے میں لے کر پوسٹ مارٹم کیلئے بھیج دیا ہے۔ درگاہ تھانہ حلقہ کے ڈ گیہا محلے کے رہنے والے انل نام کے شخص نے آج پیر کی دوپہر گورکھپور سے بہرائچ آنے والی 05131 انٹرسٹی ٹرین کے آگے چھلانگ لگادی۔ حادثے میں انل کی موقع پر ہی موت ہوگئی۔ لوگوں نے اس کی اطلاع دیہات کوتوالی پولیس کو دی۔ اطلاع پر پہنچی پولیس نے متوفی کی شناخت کرکے گھر والوں کو مطلع کیا۔ حادثے کے بعد گھر والے روتے بلکتے ہوئے موقع پر پہنچے۔ پولیس نے لاش کو قبضے میں لے کر پوسٹ مارٹم کیلئے بھیج دیا ہے۔ دیہات کوتوالی تھانہ انچارج نے بتایا کہ متوفی انل ساسر پار میں بریڈ بنانے کا کام کرتا تھا۔ لاش کو قبضے میں لے کر پوسٹ مارٹم کیلئے بھیج دیا گیا ہے۔

آمبا گاؤں میں ہاتھیوں کی دہشت

بہرائچ (ایس این بی)

ضلع کے کترنیا گھاٹ وائلڈ لائف سیکشن کے کترنیا گھاٹ رینج کے تحت گاؤں سبھا آمبا میں جنگلی ہاتھیوں کی دستک سے لوگوں میں دہشت کا ماحول ہے۔ ہفتہ کی رات کو جنگلی ٹسکر ہاتھی آمبا میں پہنچ گیا جو گاؤں ساکن بقریدی کے کھیت سے ہوکر بہرائچ ساکن طارق بیگ کے فارم ہاؤس میں تار فینسنگ کو توڑ کر گھس گیا۔ ہاتھی کی آمد سے لوگ محتاط ہوگئے اور سبھی نے ہاکا لگانا شروع کیا۔ اس دوران تقریباً نصف گھنٹہ تک ڈٹے رہنے کے بعد ہاتھی جنگل میں بھاگ گیا۔ دیہی عوام نے ہاتھیوں کی دستک کی خبر محکمہ جنگلات وگج متروں کو دیتے ہوئے ان سے تحفظ کا مطالبہ کیا ہے۔

اسکول گئے 5 سالہ بچے پر چاقو سے قاتلانہ حملہ

والد کی تحریر پر پولیس نے قائم کیا مقدمہ، ملزم گرفتار

لکھیم پور کھیری (ایس این بی) فاتحہ کے لڈو لینے سے انکار کرنے پر ہوئے جھگڑے کے بعد دوسرے دن آج پیر کو ایک شخص نے اسکول گئے 5 سالہ بچے پر چاقو سے قاتلانہ حملہ کردیا- حملے میں درجہ اول کا طالب علم زین شدید طور پر زخمی ہوگیا- اسے ضلع اسپتال میں داخل کرایا گیا ہے- یہ واقعہ تھانہ کھیری کے موضع چھمل پور میں پیش آیا ہے- پولیس نے والد کی تحریر پر مقدمہ قائم کرلیا ہے- ملزم کو گرفتار کرلیا گیا ہے-

موصولہ تفصیلات کے مطابق تھانہ کھیری کے موضع چھمل پور میں رہنے والے جمیل احمد ولد محمد علی نے اپنے گھر پر فاتحہ کرائی تھی- فاتحہ کے لڈو جمیل کی چچازاد بہن ریشما بنت محمد رؤف کے گھر اسی گاؤں میں رہنے والا عبدالقیوم ولد الٰہی بخش دینے گیا تھا- بتایا جاتا ہے کہ ریشما نے لڈو لینے سے انکار کیا تھا- اس بات سے ناراض ہوکر عبدالقیوم نے آج ریشما کو چپلوں سے مارا تھا- جمیل کا کہنا ہے کہ جب ہم لوگوں نے منع کیا تو عبدالقیوم ہم لوگوں کو گالیاں دینے لگا- اسی دوران عبدالقیوم کا چھوٹا بھائی شعبان اور بھتیجہ دلشاد آگیا اور جمیل کو لات گھونسوں سے مارنے پیٹنے لگے- جب آس پاس کے لوگ جمع ہوگئے تو وہ لوگ جان سے مارنے کی دھمکی دے کر بھاگ گئے- اس کے بعد عبدالقیوم نے ایم بی سی ڈی چلڈرن اکیڈمی چھمل پور میں جاکر بیٹے محمد زین (5) کو جان سے مارنے کی نیت سے دھاردار چاقو سے پے در پے وار کردیے- چہرے اور گلے پر چاقو لگنے سے زین بری طرح زخمی ہوکر لہولہان ہوگیا- اس واقعہ کی خبر عام ہوتے ہی گاؤں میں سنسنی پھیل گئی- موقع پر پہنچے لوگوں نے بچے کو شدید زخمی حالت میں ضلع اسپتال میں داخل کرایا جہاں اس کی حالت نازک بنی ہوئی ہے- تحریر کی بنیاد پر پولیس نے عبدالقیوم ولد الٰہی بخش ساکن موضع چھمل پور تھانہ کھیری کے خلاف 323، 452، 504، 506، 307 تعزیرات ہند کے تحت مقدمہ قائم کرلیا- ملزم کو گرفتار کرنے کیلئے 2 ٹیمیں تشکیل دی گئیں- پولیس نے فوری کارروائی کرتے ہوئے عبدالقیوم کو لوہے کے بلیڈ کے 2 ٹکڑوں کے ساتھ چلڈرن اکیڈمی چھمل پور کے قریب سے گرفتار کرلیا ہے- پولیس نے عدالت کیلئے اس کا چالان بھیج دیا ہے-

سمر کیمپ آج سے

بریلی (ایس این بی)

ایڈووائب پبلک اسکول میں کل منگل سے سمر کیمپ شروع ہورہا ہے۔ کیمپ کی تیاریوں سے متعلق ایک اہم میٹنگ آج پیر کو اسکول کے منیجر ناظم بیگ کی صدارت میں منعقد کی گئی جس میں اسکول کے پورے اسٹاف نے شرکت کی۔ اس موقع پر ناظم بیگ نے کہا کہ سمر کیمپ کا مقصد بچوں کی خوبیوں کو نکھارنا ہے۔ انھوں نے والدین سے گزارش کی ہے کہ وہ بچوں کو کیمپ میں ضرور شامل کرائیں۔ انھوں نے کہا کہ کیمپ کے دوران بچوں کی ایکٹیوٹی کے ساتھ ساتھ بچوں میں تعلیمی دلچسپی پیدا کرنے کی مزید کوشش کی جائے گی۔ بچوں کو آرٹ اینڈ کرافٹ میں رنگ برنگے کارڈ بنانا سکھایا جائے گا۔ میٹنگ میں شفا ساجد، فضا خان، سونالی راٹھور، ددھی سکسینہ، میرن جہاں وغیرہ ٹیچروں نے شرکت کی۔

جشن غوث الوریٰ کا اہتمام

شاہجہانپور (ایس این بی) محلّہ ایمن زئی جلال نگر واقع ملکوں والی ایک مینار مسجد میں جشن غوث الوریٰ عقیدت واحترام کے ساتھ منایا گیا۔ اتوار کو بعد نماز عشاء محفل کا آغاز تلاوت قرآن پاک سے ہوا۔ ملکوں والی مسجد کے خطیب و امام حافظ محمد عمران رضا قادری نے حضور غوث پاکؒ کے فضائل و مراتب بیان کرتے ہوئے کہا کہ اولیائے کرام سے الفت ومحبت ایمان کا ایک حصہ ہے اور اللہ تعالیٰ کے ولیوں سے بغض وعداوت ایمان کو تباہ و برباد کردیتا ہے۔ ہم سب بڑے ہی خوش نصیب ہیں کہ ہم سب کی نسبت حضور غوث پاکؒ سے ہے۔ ہم کو اس نسبت پر ناز ہے۔ اس دوران حافظ محمد ذیشان رضا ازہری، حافظ محمد عیان رضا، محمد فرمان رضا نے نعت و منقبت پیش کی۔ صلوٰۃ وسلام کے بعد فاتحہ خوانی ہوئی۔ حافظ محمد عمران نے قوم وملت کی ترقی اور خوشحالی کی دعا کی۔ حاضرین میں تبرک تقسیم کیا گیا۔ اس موقع پر مولوی امانت اللہ خاں نوری، ڈاکٹر زاہد حسین، صفدر خاں، رئیس خاں، محمد طالب، عبدالغفار، محمد عدنان، حاجی عثمان، محمد واصف خاں، محمد ندیم، شارق، تنویر خاں، محمد فیضان، محمد جنید، معراج، غلام محی الدین وغیرہ موجود رہے۔

اوور برج سے نیچے گری پرائیویٹ بس، ایک ہلاک

بریلی (ایس این بی) دہلی سے بریلی کی جانب آرہی ایک پرائیویٹ بس بے قابو ہوکر اوور برج سے نیچے گرگئی۔ اس حادثہ میں ایک مسافر کی موت ہوگئی اور 20 لوگ زخمی ہوگئے۔ بتایا جاتا ہے کہ پرائیویٹ بس مسافروں کو لے کر جب بریلی کی جانب آرہی تھی تو نصف شب کے بعد تقریباً 3 بجے بس تھانہ فتح گنج مغربی کے علاقہ پلیا کے قریب اچانک فلائی اوور سے نیچے گرگئی۔ موقع پر موجود لوگوں نے پولیس کو مطلع کیا۔ پولیس نے موقع پر پہنچ کر بس میں پھنسے لوگوں کو باہر نکلوایا۔ اس کے بعد زخمیوں کو اسپتال بھجوایا۔ اس حادثہ میں پریم کشن نامی مسافر کی موت ہوگئی۔ ڈی ایم روِیندر کمار اور ایس ایس پی گھلے سوشیل چندر بھان نے اسپتال پہنچ کر زخمیوں کی عیادت کی اور زخمیوں کو بہتر سے بہتر طبی سہولیات مہیا کرانے کا حکم دیا۔

کچرے کو ری سائیکلنگ کے ذریعہ ٹھکانے لگایا جائے

ضلع ماحولیات کمیٹی، ضلع ٹری پلانٹیشن کمیٹی اور ضلع گنگا کمیٹی کی میٹنگ

شاہجہانپور (ایس این بی)

چیف ڈیولپمنٹ افسر ڈاکٹر اپراجیتا سنگھ نے آج پیر کو کلکٹریٹ آڈیٹوریم میں ضلع ماحولیات کمیٹی میں سالڈ ویسٹ مینجمنٹ، پلاسٹک ویسٹ مینجمنٹ، ای ویسٹ، ڈرین و سیوریج سسٹم، بایو میڈیکل کے سلسلے میں میٹنگ کا اہتمام کیا جس میں کچرے، صنعتی آلودگی وغیرہ کا جائزہ لیتے ہوئے کوالٹی مینجمنٹ کیلئے متعلقہ افسران کو ہدایت دی گئی۔

چیف ڈیولپمنٹ افسر ڈاکٹر اپراجیتا سنگھ نے کمیٹی کے تمام ممبران کو ہدایت دی کہ مقامی سطح پر ہر میونسپل باڈی میں روزانہ پیدا ہونے والے کچرے کو زیادہ سے زیادہ مقدار میں ری سائیکلنگ کے ذریعہ ٹھکانے لگایا جائے۔ ضلع ٹری پلانٹیشن کمیٹی کی میٹنگ کے دوران انھوں نے کہا کہ سال 25-2024 میں ہونے والی شجر کاری کا ایکشن پلان تمام متعلقہ محکموں کو فراہم کیا جائے تاکہ جولائی کے مہینے میں مجوزہ شجرکاری کیلئے وقت پر پودے فراہم کیے جاسکیں۔ ضلع گنگا کمیٹی کی میٹنگ کے دوران اتر پردیش آلودگی کنٹرول بورڈ کو ندیوں کے کناروں پر ہورہی آلودگی پر کارروائی کرنے کی ہدایت دی گئی اور نمامی گنگے پروجیکٹ سے متعلق مختلف پہلوؤں پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ میٹنگ میں میونسپل کمشنر ڈاکٹر وپن کمار مشرا اور ضلع کے تمام عہدیداران موجود تھے۔

ڈی ای او نے کیا اسٹرانگ روم کا معائنہ

شاہجہانپور (ایس این بی) لوک سبھا عام انتخابات- 2024 اور ددرول اسمبلی حلقہ کے ضمنی الیکشن کے تحت سنٹرل ویئر ہاؤسنگ کارپوریشن روضہ منڈی میں اسمبلی وار قائم کیے گئے اسٹرانگ روم میں محفوظ ای وی ایم کی حفاظت کے پیش نظر ضلع الیکشن افسر (ڈی ای او) امیش پرتاپ سنگھ نے سیکورٹی انتظامات کا جائزہ لیا اور متعلقہ حکام کو ضروری ہدایت دی۔ انھوں نے اسٹرانگ روم کی سیکورٹی سمیت ووٹ شماری کمروں کی تیاری دیکھی۔ انھوں نے ہدایت دی کہ ووٹ شماری کی تیاریاں وقت پر مکمل کی جائیں۔ انھوں نے اسٹرانگ روم کی سخت نگرانی کرنے کی ہدایت دی۔ وہ سی سی ٹی وی کنٹرول روم پہنچے اور تمام کیمروں کو دیکھا اور ان سب کو فعال پایا۔ انھوں نے بتایا کہ ووٹ شماری 4 جون کو ہوگی۔ انھوں نے کہا کہ ای وی ایم اور وی وی پیٹ مکمل طور پر محفوظ ہیں اور ان کی مسلسل نگرانی کی جارہی ہے جس کیلئے 24 گھنٹے پولیس فورس تعینات ہے۔ اس موقع پر ایڈیشنل ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ ایڈمنسٹریشن، سب ڈسٹرکٹ پلاننگ افسر، یوپی ڈسٹرکٹ الیکشن افسر سنجے کمار پانڈے، سٹی مجسٹریٹ پروندر کمار اور ڈپٹی کلکٹر درگیش کمار و دیگر متعلقہ افسران موجود تھے۔